پریس ریلیز

گوجرانوالہ 29 اپریل 2021ء

وفاقی ٹیکس محتسب ڈاکٹر محمد آصف جاہ نے کہا ہے کہ ٹیکس محتسب کا ادارہ جس مقصد کیلئے قائم کیا گیا تھا یہ ادارہ بڑی کامیابی سے درخواست گزاروں کے مسائل حل کر کے ان کیلئے آسانیاں پیدا کر رہا ہے۔ بزنس کمیونٹی ہمیں بلا کسی خوف اپنے مسائل کے متعلق آگاہ کریں ہم شکایت کنندہ کا ہر طرح سے تحفظ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس سیمینار کے انعقاد کا مقصد بھی یہی ہے کہ بزنس کمیونٹی کو آگاہی فراہم کی جائے کہ ٹیکس محتسب ادارہ ٹیکسز کے حوالے سے کس طرح کاروباری لوگوں کا تحفظ کرتا ہے۔ پاکستان میں پرائیویٹ سیکٹر کو پروموٹ، انڈسٹری کو تحفظ اور سرمایہ کاری کے عمل کو بڑھانے کیلئے ادارہ وفاقی ٹیکس محتسب اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ ایف بی آر میں پائی جانے والی قانونی پیچیدگیوں، بدانتظامیوں کو ختم اور ٹیکس کی ادائیگی کے عمل کو شفاف بنایا جا رہا ہے وفاقی ٹیکس محتسب نے از خود نوٹس کا اختیار استعمال کرتے ہوئے لاکھوں زیر التوا کیسز کو نمٹایا ہے جن کی بدولت بزنس کمیونٹی بلینز کے ریفنڈز دلوائے گئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ایک اجلاس سے خطاب کے دوران کیا جس کی صدارت ضیاء الحق (شیخ فیصل ایوب) نے کی۔ اس موقع پر سابق صدور شیخ محمد نسیم، اخلاق احمد بٹ، ملک ظہیر الحق، نواز احمد باجوہ، خواجہ ضرار کلیم، انچارج FTO گوجرانوالہ رانا حسن اختر کے علاوہ ٹیکس بار ایسوسی ایشن اور بزنس کمیونٹی کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔

ڈاکٹر محمد آصف جاہ نے کہا کہ ایف ٹی او کو کمپیوٹرائزڈ کر کے شکایت کے فوری ازالہ کو یقینی بنایا جا رہا ہے تاکہ شکایت کنندہ انٹرنیٹ کے ذریعے اپنی شکایت آن لائن کر کے روزانہ اس کی پراگریس کو چیک کرے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ بزنس کمیونٹی کی سہولت کیلئے گوجرانوالہ سمیت آٹھ بڑے شہریوں میں فیڈرل ٹیکس محتسب کے کیمپ آفسز کام کر رہے ہیں جن کے قیام کا مقصد لوگوں کی شکایات ان کی دہلیز پر ہی حل کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملکی معیشت کو مضبوط اور مستحکم بنانے کیلئے ضروری ہے کہ ٹیکس بیس کو بڑھایا جائے تاکہ قرضوں پر انحصار کم سے کم کیا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایف ٹی او کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کیلئے از سر نو ایڈوائزری کمیٹیاں تشکیل دی جا رہی ہیں جن میں بزنس کمیونٹی، ٹیکس بار اور دیگر پرائیویٹ سیکٹرز کو بھی نمائندگی دی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایف بی آر میں کرپشن کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا اور اس میں ملوث افسران کے خلاف سختی سے نپٹا جائے گا۔ قبل ازیں صدر گوجرانوالہ چیمبر ضیاء الحق (شیخ فیصل ایوب) نے سپاسنامہ پیش کرتے ہوئے بزنس کمیونٹی کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا اور ان کے فوری حل کیلئے تجاویز پیش کیں۔ جن پر وفاقی ٹیکس محتسب نے عملدرآمد کرانے کی یقین دہانی کرائی۔ علاوہ ازیں انہوں نے گوجرانوالہ کی بزنس کمیونٹی کی آگاہی کیلئے وفاقی ٹیکس محتسب کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے بزنس کمیونٹی کی راہنمائی کیلئے سیمینار کا انعقاد گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس میں کیا۔